Soneri Bank

SNBL WhatsApp - Terms and Conditions

These terms and conditions ("**Terms and Conditions**"), as amended from time to time, are applicable to all eligible users including Customers ("Users") that avail the Services provided by SONERI BANK ("**SNBL**") over the WhatsApp platform, a third-party messaging platform (**"WhatsApp Banking Service" or "WhatsApp Self-Service Banking Channel"**). The Terms and Conditions are applicable in conjunction with all other SNBL Terms and Conditions that may be stipulated by SNBL from time to time, whether pertaining to the account or in relation to other products, services, facilities or offers offered by SNBL.

By opting to use our WhatsApp Banking Service, the User hereby agrees to be bound by these Terms and Conditions and the User acknowledges that they have read, understood and accepted these Terms and Conditions and other specific terms and conditions of SNBL.

1. **SNBL WhatsApp Banking Channel – Scope of Services**
   - SNBL WhatsApp Banking is a channel which will be used for general query management & customer support as a new, but familiar channel for customers to approach the bank in the most convenient possible way.
   - Through the SNBL WhatsApp Banking Channel, the User may:
     a) receive automated and/or agent-assisted responses to queries, and have queries, requests and complaints logged, tracked and managed by SNBL;
     b) seek customer support, including assistance from SNBL's contact centre representatives during service hours;
     c) obtain information on SNBL's products, services, offers, charges, branch and ATM locations; and
     d) perform any other action permitted by SNBL through the WhatsApp platform from time to time.
   - The scope of the Channel is determined solely by SNBL and may be expanded, restricted, suspended or withdrawn at SNBL's discretion, subject to the notice requirements under the "Changes" section of these Terms and Conditions.
   - The SNBL WhatsApp Banking Channel is offered only through SNBL's official verified WhatsApp Business account. Any interaction with an unverified number claiming to represent SNBL is outside the scope of the Service, and SNBL shall bear no responsibility for it.
2. **Service**
   - Service(s) means services, either customized or otherwise, provided by SNBL, its Partner(s), Services Provider(s), and WhatsApp Channel, from time to time, within the Islamic Republic of Pakistan.
3. **Eligibility for Using the Services**
   - General information and product queries are available to any WhatsApp user who initiates a conversation with SNBL's official WhatsApp number.
   - Account-specific and card-specific Services are available only to a User who:
     a) maintains an active account and/or card with SNBL that is not blocked, frozen or otherwise restricted;
     b) initiates the conversation from the mobile number registered in SNBL's records against that account or card ("Registered Mobile Number");
     c) has an active WhatsApp account on that Registered Mobile Number;
     d) has opted in to the Service and accepted these Terms and Conditions; and
     e) successfully completes the verification or authentication steps prescribed by SNBL from time to time.
   - For joint accounts, the Service is available only to the account holder whose number is registered with SNBL, and only to the extent of that holder's mandate on the account.
   - Where the Registered Mobile Number is changed, ported or discontinued, the User must update it with SNBL through a branch or other channel designated by SNBL. Until the update is completed, account-specific Services may be unavailable.
   - SNBL reserves the right to determine, amend or withdraw eligibility for any User, account type or product at any time, including where required by the State Bank of Pakistan or applicable law.
4. **Services and Functionality**
   - The Services available on the SNBL WhatsApp Banking Channel may include the following, subject to eligibility and successful verification:
     a) Information Services: product and service information, schedule of charges, current offers and promotions, and branch and ATM locator;
     b) Account Services: balance inquiry, mini statement and request for account statement;
     c) Card Services: card activation, temporary blocking of a lost or stolen card, and card-related queries;
     d) Service Requests: cheque book request, registration and tracking of service requests;
     e) Complaints: lodging and tracking of complaints in accordance with SNBL's complaint handling policy; and
     f) Agent Support: transfer of the conversation to an SNBL customer support representative during service hours.
   - The current list of available Services, their service hours and any applicable limits shall be published on SNBL's website and/or communicated through the Channel. Not every Service may be available at all times or to every User.
   - Unless expressly enabled by SNBL and communicated to the User, no fund transfer, bill payment or other financial transaction can be initiated through the SNBL WhatsApp Banking Channel.
   - Automated responses are provided for convenience. Where an automated response is unclear or inconsistent with SNBL's records, SNBL's official records shall prevail.
   - Requests received outside service hours, or requiring further processing, will be handled within the turnaround times communicated by SNBL.
   - Any charges applicable to the Service shall be as per SNBL's prevailing Schedule of Charges. Data or internet charges levied by the User's mobile network operator are the User's responsibility.
5. **Personal Information**
   - You hereby authorize SNBL to use / disclose any information shared by you on SNBL WhatsApp Banking Channel for provision of Services to you by SNBL or for onward submission to State Bank of Pakistan or any Law Enforcement Agency working under governance of Islamic Republic of Pakistan.
   - When you use SNBL WhatsApp Banking Channel, provisions pertaining to use of and sharing of customer information in the terms and conditions governing bank accounts will also be applicable to these terms and conditions.
   - You are responsible for providing and maintaining accurate and updated personal information, and for safeguarding your account information. We understand you have authorized SNBL to verify and authenticate your personal information, at any time. SNBL will not be liable for any loss or damage arising from your failure to comply with the requirements of SNBL.
   - If you hand over a device with the SNBL WhatsApp Self-Service Banking Channel activated to another individual, you should lock/deactivate the device / your WhatsApp account before doing so. If devices with SNBL WhatsApp Self-Service Banking Channel activated are lost or stolen, you inform us at 021-111-766-374.
6. **Privacy and Risk**

   Privacy
   - SNBL will process the personal information received through the Channel in accordance with its privacy policy, the account terms and conditions, and applicable laws and regulations of the State Bank of Pakistan.
   - Conversations on the Channel may be recorded, stored and reviewed by SNBL for service quality, dispute resolution, audit, fraud prevention and regulatory purposes, and retained for the period required by applicable law.
   - SNBL will never ask for your PIN, password, OTP, full card number, CVV or card expiry date over WhatsApp. You must not share these details on the Channel under any circumstances.
   - Messages exchanged on WhatsApp are also subject to WhatsApp's own privacy policy and data practices, over which SNBL has no control (see also the "Disclaimer" section).

   Risk
   - The User acknowledges that the Service relies on the internet, the User's mobile device, the mobile network operator and the WhatsApp platform, and therefore carries risks including, without limitation:

a) interruption, delay or unavailability of the Service due to network, platform or system failures;
b) unauthorized access where the User's device, SIM or WhatsApp account is lost, stolen, compromised or used by another person;
c) fraud, phishing or social-engineering attempts by persons impersonating SNBL; and
d) delivery of messages to an incorrect recipient where the Registered Mobile Number is outdated or reassigned.

- To reduce these risks, the User should enable WhatsApp two-step verification, keep the device locked, keep the Registered Mobile Number updated with SNBL, and interact only with SNBL's official verified WhatsApp account.
- Any suspicious message, call or activity, or any suspected unauthorized use of the Channel, must be reported immediately to SNBL at 021-111-766-374. SNBL may suspend the Service for the affected User pending investigation.

7. Security

- We maintain high standards of security. You agree and warrant that you will use your mobile device safely and you will not share your phone, connected via our network, let anyone else access your phone/devices, or do anything else that might jeopardize the security of your connection. SNBL shall not be liable for any damages or losses suffered as a result of breach of any of the actions stated above, until you have reported to SNBL any damage or loss of your mobile device.

8. Third Party Services

- We do not endorse any third party services. Third party providers of websites and applications (including WhatsApp) accessed by you through the Service are accessed at your own risk, and we have no liability for third party services. If third party websites or applications (including WhatsApp) cause any problems or harm, you should seek redress directly from the third party provider of those services. We have no responsibility in such matters and cannot assist you regarding the same. Third party providers of websites or applications (including WhatsApp) that you access through any network/ mobile phone number are subject to and governed by their own terms and conditions. It is your responsibility to read and adhere to such terms and conditions.

9. General

- WhatsApp banking terms and conditions generally establish that the bank presumes any request coming from your Registered Mobile Number via WhatsApp belongs to you, and you assume full liability for device security.
- These Terms apply generally to the use of any or all of SNBL's services via/through SNBL WhatsApp Self-Service Banking Channel, and may also be subject to terms and conditions governing bank accounts as well as terms and conditions governing other SNBL products and services, as the case may be.
- SNBL may engage or otherwise cooperate with affiliates, suppliers, partners and other third parties in connection with the Service, and, where applicable, "SNBL" or "we" shall also be understood as a reference to such third parties.
- By using the Service, you agree to these Terms of Use.

10. The Service

- SNBL's Service consists of digital products and/or services distributed over the internet to individual consumers for private use. Such Services are accessible at our websites (the "Website") and, for certain Services on your own device(s) after you have installed it.

11. User Content and Submissions

- SNBL's services and/or WhatsApp Self-Service Banking Channel may allow you to submit, post or display content, such as information, data, text, software, music, sound, photographs, graphics, videos, advertisements, messages or other materials ("User Content"). You are solely responsible for such content. SNBL may review and remove any User Content that, in its sole judgment, violates the Terms, applicable laws, or generally accepted practices or guidelines in the Jurisdiction.
- Prohibited User Content under the Terms includes, without limitation, content which: is offensive, such as User Content that engages in, endorses or promotes racism, bigotry, discrimination, hatred, harassment or physical harm of any kind against any group or individual;
  a) involves the transmission of "junk mail", "chain letters" or unsolicited mass mailing, "spamming" or "phishing";
  b) promotes or endorses false or misleading information or illegal activities or conduct that is abusive, threatening, obscene, defamatory or libelous;
  c) promotes or endorses an illegal or unauthorized copy of another person's copyrighted work;
  d) contains restricted or password only access pages or hidden pages or images;
  e) displays or links to pornographic, sexually explicit or any other indecent material;
  f) solicits passwords or personal data from other users; or
  g) violates the rights of or harms or threatens the safety of other users or the Service.

12. Authentication & Presumption

- Banks assume instructions from your registered number and WhatsApp account are sent solely by you.

13. Customer Responsibility

- You must secure your phone, lock your device, and protect your WhatsApp PIN or CNIC details.

14. Warranties and Disclaimers

- SNBL warrants that it will perform its obligations in a professional manner in accordance with prevailing industry standards and make reasonable efforts to keep the required service operational.
- The Service is provided "as is". You acknowledge that the Service is not error-free. SNBL makes no warranties, expressed or implied, with respect to the availability, merchantability, fitness for a particular purpose, no infringement, accuracy, completeness, performance and quality of service of SNBL's WhatsApp Self-Service Banking Channel or otherwise.

15. Liability

- SNBL (including, but not limited to, its shareholders, executives, officers, affiliated companies, partners and their contractors, officers, directors and employees) shall not be liable for any damages, whether arising under law, contract, warranty, indemnification, tort or otherwise, including, without limitation, incidental and consequential damages, loss of profits or business opportunities, or damages resulting from loss of data or loss of access to the services or otherwise.
- SNBL is not liable for losses caused by lost devices, unauthorized access, or third-party platform failures.

16. Communication

- By registering, you explicitly consent to receive account alerts, statements, and promotional messages over WhatsApp.

17. Indemnity

- You agree to indemnify, defend and hold harmless SNBL (including, but not limited to, its shareholders, executives, officers, affiliated companies, partners and their contractors, officers, directors and employees) from all claims, liabilities and expenses (including attorney's fees) that arise from your misuse of services in breach of the Terms or applicable laws.
- SNBL reserves the right to assume the exclusive defense and control of any matter otherwise subject to indemnification by you. You shall cooperate in good faith with SNBL in asserting any available defenses.

18. Force Majeure

- Force Majeure means any circumstances beyond the reasonable control of either party, including, without limitation, fire, explosion, strikes or other labor disputes, riots or other civil disturbances, voluntary or involuntary compliance with any law, order regulation, recommendation or request of any governmental authority, and errors or downtime in networks, power supply, gateway or similar failures of communication. Neither party will have any liability, other than for the payment of money owing, for their failure to perform any of their contractual obligations arising out of or in connection with events of force majeure.

19. Termination

- SNBL WhatsApp Self-Service Banking Channel may be deactivated anytime through your personal account settings on WhatsApp.
- SNBL may stop providing service to you, or add limits to your service, if you act in breach of the Terms or applicable laws, your right to use service and access its content will in any event immediately, without notice, terminate without refund of any fees.

20. Changes

- The bank will serve a written notice of the introduction or change to its customers at-least 30 days before the change takes effect; in either of the following ways:
  a) Direct Communication
  b) Display in all Branches
  c) Notice in the media (including public notices)

d) Notice on banks' website; or by any electronic banking channel used by its customer

- We encourage you to check the Website regularly. If you do not agree to the amendments, you should discontinue your use of the Service.

21. Partial Invalidity

- If any provision of the Terms is declared invalid or unenforceable by a court or other binding authority, the remaining terms (or parts), conditions and provisions shall continue to be valid and enforceable to the fullest extent permitted by law.

22. Language Versions

- Any translations of the Terms from English into another language are made solely for your convenience. In the event of discrepancies between different language versions, the English version shall prevail.

23. Governing Law and Dispute Resolution

- These WhatsApp Services terms and conditions shall be governed by laws of Pakistan. Any dispute or differences arising out of or in connection with the WhatsApp facility shall be subject to the exclusive jurisdiction of the Courts of Karachi. Bank accepts no liability whatsoever, direct or indirect for noncompliance with the laws of any country other than that of Pakistan. The mere fact that the WhatsApp facility can be accessed by a Customer in a country other than Pakistan does not imply that the laws of the said country govern these terms and conditions and / or the operations in the account/s/services/offers provided to the customer and / or the use of the WhatsApp facility.

24. Disclaimer

- Bank may, at its sole discretion, utilize the services of external service provider/s or agent/s and on such terms as required or necessary, in relation to its products/ services provided.
- WhatsApp or any other service provider through which we are providing the WhatsApp facility can/may review and monitor, store the contents (including text, images, videos or other materials) shared/communicated through the WhatsApp platform or other service provider(s) and may share/disclose the same with third parties.
- Bank shall not be involved in or in any way liable to the Customer for any dispute between the Customer and a cellular service provider or any third party service provider or WhatsApp (whether appointed by Bank for such purpose or otherwise) while availing these Services through the WhatsApp platform and the Customer agrees to directly take up any claim/dispute with respect to the usage of WhatsApp platform directly with WhatsApp.
- The Service is provided "as is". You acknowledge that the Service is not error-free. SNBL makes no warranties, expressed or implied, with respect to the availability, merchantability, fitness for a particular purpose, no infringement, accuracy, completeness, performance and quality of service of SNBL's WhatsApp Self-Service Banking Channel or otherwise.

Soneri Bank

سونیری بینک لمیٹڈ واٹس ایپ- شرائط وضوابط

یہ شرائط وضوابط ("شرائط وضوابط")، جن میں وقتاً فوقتاً ترمیم کی جاسکتی ہے، تمام اہل کسٹمرز ("کسٹمرز") پر لاگو ہوں گی جو ("SNBL") کی جانب سے تھرڈ پارٹی میسجنگ واٹس ایپ پلیٹ فارم" (واٹس ایپ بینکنگ سروس "یا" واٹس ایپ سیلف سروس بینکنگ چینل") کے ذریعے فراہم کردہ سروسز سے استفادہ کرتے ہیں۔ یہ شرائط وضوابط، SNBL کی جانب سے وقتاً فوقتاً مقرر کردہ دیگر تمام شرائط وضوابط کے ساتھ لاگو ہوں گی، خواہ وہ کسٹمرز کے اکاؤنٹ سے متعلق ہوں یا SNBL کی جانب سے پیش کردہ دیگر پروڈکٹس، سروسز، سہولیات یا پیشکشوں سے متعلق ہوں۔

واٹس ایپ بینکنگ سروس استعمال کا کر کے، کسٹمر ان شرائط وضوابط کا پابند ہونے پر اتفاق کرتا ہے اور اقرار کرتا ہے کہ اس نے ان شرائط وضوابط اور سونیری بینک لمیٹڈ (SNBL) کی دیگر مخصوص شرائط وضوابط کو پڑھ، سمجھ اور قبول کر لیا ہے۔

1۔ سونیری بینک لمیٹڈ واٹس ایپ بینکنگ چینل- خدمات کا دائرۂ کار

- سونیری بینک لمیٹڈ واٹس ایپ بینکنگ چینل کو عمومی سوالات کے انتظام اور کسٹمرز کو معاونت فراہم کرنے کیلئے استعمال کیا جائے گا۔ یہ کسٹمرز کے لیے بینک سے رابطہ کرنے کا ایک نیا لیکن مانوس ذریعہ ہوگا، تاکہ وہ اپنی سہولت کے مطابق آسانی بینک سے رابطہ کر سکیں:
- سونیری بینک لمیٹڈ واٹس ایپ بینکنگ چینل کے ذریعے صارف درج ذیل سہولیات حاصل کر سکتا ہے:
  - a) سوالات کے آٹومیٹڈ اور/یا نمائندے کی معاونت سے جوابات حاصل کرنا، نیز سونیری بینک لمیٹڈ کے ذریعے سوالات، درخواستیں اور شکایات درج کرنا، ٹریک کرنا اور ان کا انتظام کروانا؛
  - b) کسٹمر سپورٹ بشمول سروس کے اوقات کے دوران سونیری بینک لمیٹڈ کے کانٹیکٹ سینٹر کے نمائندوں سے معاونت حاصل کرنا؛
  - c) سونیری بینک لمیٹڈ کی پروڈکٹس، سروسز، آفرز، چارجز، برانچز اور اے ٹی ایمز کے مقامات کے بارے میں معلومات حاصل کرنا؛ اور
  - d) واٹس ایپ پلیٹ فارم سے کوئی بھی دوسری کارروائی انجام دینا جس کی وقتاً فوقتاً سونیری بینک لمیٹڈ نے اجازت دی ہو۔
- اس چینل کی خدمات کا دائرۂ کار صرف سونیری بینک لمیٹڈ طے کرے گا۔ بینک اپنی صوابدید پر ان خدمات میں اضافہ، پابندی، عارضی معطلی یا مکمل خاتمہ کر سکتا ہے، بشرطیکہ ان شرائط وضوابط کے "تبدیلیاں" کے حصے میں درج نوٹس سے متعلق تقاضوں پر عمل کیا جائے۔
- سونیری بینک لمیٹڈ کا واٹس ایپ بینکنگ چینل صرف سونیری بینک لمیٹڈ کے آفیشل تصدیق شدہ واٹس ایپ بزنس اکاؤنٹ کے ذریعے فراہم کیا جاتا ہے۔ سونیری بینک لمیٹڈ کی نمائندگی کا دعویٰ کرنے والے کسی بھی غیر تصدیق شدہ نمبر کے ساتھ رابطہ اس سروس کے دائرۂ کار سے باہر ہوگا، اور سونیری بینک لمیٹڈ اس کے لیے کسی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کرے گا۔

2۔ سروس

- سروس (ز) سے مراد سونیری بینک لمیٹڈ، اس کے شراکت دار (داران)، سروس فراہم کنندہ (کنندگان) اور واٹس ایپ چینل کی جانب سے اسلامی جمہوریہ پاکستان میں کسٹمر کو فراہم کی جانے والی تمام عمومی یا مخصوص سروسز ہیں۔

3۔ سروسز کے استعمال کی اہلیت

- سونیری بینک لمیٹڈ کے آفیشل واٹس ایپ نمبر پر پیغام بھیج کر گفتگو شروع کرنے والا کوئی بھی واٹس ایپ صارف عمومی معلومات اور پروڈکٹ سے متعلق سوالات کے جوابات حاصل کر سکتا ہے۔
- اکاؤنٹ اور کارڈ سے متعلق مخصوص سروسز صرف وہ صارف حاصل کر سکتا ہے جو درج ذیل شرائط پوری کرتا ہو:
  - a) سونیری بینک لمیٹڈ میں اس کا اکاؤنٹ اور/یا کارڈ فعال ہو اور بلاک، منجمد یا کسی دوسری پابندی کا شکار نہ ہو؛
  - b) وہ اسی موبائل نمبر سے گفتگو کا آغاز کرے جو سونیری بینک لمیٹڈ کے ریکارڈ میں اس کے اکاؤنٹ یا کارڈ کے ساتھ رجسٹرڈ ہے ("رجسٹرڈ موبائل نمبر")؛
  - c) اس رجسٹرڈ موبائل نمبر پر اس کا فعال واٹس ایپ اکاؤنٹ ہو؛
  - d) اس نے سروس کے استعمال پر رضامندی دی ہو اور ان شرائط وضوابط کو قبول کیا ہو؛ اور
  - e) وہ سونیری بینک لمیٹڈ کی جانب سے وقتاً فوقتاً مقرر کردہ تصدیق یا توثیق کے مراحل کامیابی سے مکمل کرے۔
- مشترکہ اکاؤنٹ کی صورت میں یہ سروس اس اکاؤنٹ پر اکاؤنٹ ہولڈر کو حاصل اختیار کی حد تک صرف اس اکاؤنٹ ہولڈر کے لیے دستیاب ہوگی جس کا موبائل نمبر سونیری بینک لمیٹڈ کے ریکارڈ میں رجسٹرڈ ہو۔
- اگر رجسٹرڈ موبائل نمبر تبدیل ہو جائے، کسی دوسرے نیٹ ورک پر منتقل ہو جائے یا بند کر دیا جائے، تو صارف کو سونیری بینک لمیٹڈ کی کسی برانچ یا بینک کی جانب سے مقرر کردہ کسی دوسرے ذریعے سے اپنا نمبر اپ ڈیٹ کروانا ہوگا۔ نمبر اپ ڈیٹ ہونے تک اکاؤنٹ سے متعلق مخصوص سروسز دستیاب نہیں ہو سکتی ہیں۔
- سونیری بینک لمیٹڈ کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی وقت کسی صارف، اکاؤنٹ کی قسم یا پروڈکٹ کے لیے اہلیت کا تعین کرے، اس میں تبدیلی کرے یا اسے ختم کر دے، بشمول جہاں اسٹیٹ بینک آف پاکستان یا قابلِ اطلاق قانون کے تحت ایسا کرنا ضروری ہو۔

4۔ خدمات اور سہولیات

- سونیری بینک لمیٹڈ کے واٹس ایپ بینکنگ چینل پر اہلیت اور کامیاب تصدیق سے مشروط، درج ذیل خدمات دستیاب ہو سکتی ہیں:
  - a) معلوماتی سروسز: بینک کی پروڈکٹ اور سروس کی معلومات، شیڈول آف چارجز، موجودہ آفرز اور پروموشنز، نیز برانچز اور اے ٹی ایم کے مقامات کے بارے میں معلومات؛
  - b) اکاؤنٹ سروسز: بیلنس معلوم کرنا، مختصر اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ اور اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ کی درخواست؛
  - c) کارڈ سروسز: کارڈ فعال کرنا، گم یا چوری ہونے کی صورت میں عارضی طور پر کارڈ بلاک کرنا اور کارڈ سے متعلق سوالات کے جوابات؛
  - d) سروس کی درخواستیں: چیک بک کی درخواست، سروس کی درخواست اور پیش رفت معلوم کرنا؛
  - e) شکایات: سونیری بینک لمیٹڈ کی شکایات سے نمٹنے کی پالیسی کے مطابق شکایات درج کروانا اور ان کی پیش رفت معلوم کرنا؛ اور
  - f) نمائندے سے معاونت: سروس کے اوقات کے دوران گفتگو سونیری بینک لمیٹڈ کے کسٹمر سپورٹ نمائندے کو منتقل کروانا۔
- دستیاب سروسز کی موجودہ فہرست، ان کے اوقات اور کسی بھی لاگو حدود کی تفصیلات سونیری بینک لمیٹڈ کی ویب سائٹ پر شائع کی جائیں گی اور/یا چینل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی۔ ضروری نہیں کہ ہر سروس ہر وقت یا ہر صارف کے لیے دستیاب ہو۔
- جب تک سونیری بینک لمیٹڈ واضح طور پر اجازت نہ دے اور صارف کو اس سے آگاہ نہ کرے، اس وقت تک سونیری بینک لمیٹڈ کے واٹس ایپ بینکنگ چینل کے ذریعے رقم کی منتقلی، بل کی ادائیگی یا کوئی دوسری مالیاتی ٹرانزیکشن شروع نہیں کی جا سکتی۔
- آٹومیٹڈ جوابات صارف کی سہولت کے لیے فراہم کیے جاتے ہیں۔ اگر کوئی آٹومیٹڈ جواب واضح نہ ہو یا سونیری بینک لمیٹڈ کے ریکارڈ سے مطابقت نہ رکھتا ہو، تو بینک کا آفیشل ریکارڈ قابلِ اعتبار ہوگا۔
- سروس کے اوقات کے بعد موصول ہونے والی یا مزید کارروائی کی متقاضی درخواستوں پر سونیری بینک لمیٹڈ کی جانب سے بتائی گئی مدت کے اندر کارروائی کی جائے گی۔
- سروسز پر لاگو ہونے والے چارجز سونیری بینک لمیٹڈ کے مروجہ شیڈول آف چارجز کے مطابق ہوں گے۔ صارف کے موبائل نیٹ ورک آپریٹر کی جانب سے عائد کردہ ڈیٹا یا انٹرنیٹ کے اخراجات صارف خود برداشت کرے گا۔

5۔ ذاتی معلومات

- بذریعہ ہذا آپ سونیری بینک لمیٹڈ کو سروسز کی فراہمی کے لیے سونیری بینک لمیٹڈ واٹس ایپ بینکنگ چینل پر آپ کی فراہم کردہ معلومات استعمال/شیئر کرنے اور ضرورت پڑنے پر یہ معلومات اسٹیٹ بینک آف پاکستان یا اسلامی جمہوریہ پاکستان کے قوانین کے تحت کام کرنے والے کسی بھی قانون نافذ کرنے والے ادارے کو بھی فراہم کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔
- سونیری بینک لمیٹڈ واٹس ایپ بینکنگ چینل استعمال کرنے پر بینک اکاؤنٹس کے لیے مقرر کردہ شرائط وضوابط میں کسٹمر کی معلومات کے استعمال اور شیئر کرنے سے متعلق تمام شرائط ان شرائط وضوابط پر بھی لاگو ہوں گی۔
- درست اور تازہ ترین ذاتی معلومات فراہم کرنا اور اپنے اکاؤنٹ کی معلومات محفوظ رکھنا آپ کی ذمہ داری ہے۔ آپ اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ سونیری بینک لمیٹڈ کسی بھی وقت آپ کی ذاتی معلومات کی تصدیق اور جانچ کر سکتا ہے۔ سونیری بینک لمیٹڈ کی ضروریات پر عمل نہ کرنے کی وجہ سے آپ کو ہونے والے کسی نقصان کا ذمہ دار سونیری بینک لمیٹڈ نہیں ہوگا۔

- اگر آپ ایسا موبائل یا ڈیوائس کسی دوسرے شخص کو دیتے ہیں جس پر سونیری بینک لمیٹڈ واٹس ایپ سیلف سروس بینکنگ چینل فعال ہو، تو ڈیوائس دینے سے پہلے ڈیوائس/ واٹس ایپ اکاؤنٹ لاک/ غیر فعال کر دیں۔ اگر ایسی ڈیوائس گم یا چوری ہو جائے جس پر سونیری بینک لمیٹڈ واٹس ایپ سیلف سروس بینکنگ چینل فعال ہو، تو فوراً ہمیں 021-111-766-374 پر اطلاع دیں۔

6۔ رازداری اور خطرات

رازداری

- سونیری بینک لمیٹڈ اس چینل کے ذریعے موصول ہونے والی ذاتی معلومات کو اپنی پرائیویسی پالیسی، اکاؤنٹ کی شرائط وضوابط اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے قابلِ اطلاق قوانین وضوابط کے مطابق استعمال کرے گا۔
- سروس کے معیار کو بہتر بنانے، تنازعات حل کرنے، آڈٹ، دھوکہ دہی کی روک تھام اور ضابطہ جاتی تقاضے پورے کرنے کے اس چینل پر ہونے والی گفتگو سونیری بینک لمیٹڈ کی جانب سے ریکارڈ اور محفوظ کی جا سکتی ہے اور اس کا جائزہ لیا جا سکتا ہے۔ یہ ریکارڈ قابلِ اطلاق قانون کے تحت مقررہ مدت تک محفوظ رکھا جائے گا۔
- سونیری بینک لمیٹڈ واٹس ایپ پر کبھی بھی آپ سے آپ کا پن، پاس ورڈ، او ٹی پی، کارڈ کا مکمل نمبر، سی وی وی یا کارڈ کی میعاد ختم ہونے کی تاریخ نہیں پوچھے گا۔ آپ کو کسی بھی صورت میں یہ معلومات اس چینل پر شیئر نہیں کرنی چاہئیں۔
- واٹس ایپ پر بھیجے اور موصول کیے جانے والے پیغامات واٹس ایپ کی اپنی پرائیویسی پالیسی اور معلومات کے استعمال کے طریقہ کار کے تابع بھی ہیں، جن پر سونیری بینک لمیٹڈ کا کوئی اختیار نہیں ہے (مزید تفصیل کے لیے ''دستبرداری'' کا سیکشن بھی ملاحظہ کریں)۔

خطرات

- صارف تسلیم کرتا ہے کہ یہ سروس انٹرنیٹ، صارف کی موبائل ڈیوائس، موبائل نیٹ ورک آپریٹر اور واٹس ایپ پلیٹ فارم پر منحصر ہے، لہٰذا اس کے استعمال میں درج ذیل سمیت دیگر خطرات بھی شامل ہیں:
  a) نیٹ ورک، پلیٹ فارم یا سسٹم میں خرابی کے باعث سروس میں تعطل، تاخیر یا سروس کی عدم دستیابی؛
  b) صارف کی ڈیوائس، سم یا واٹس ایپ اکاؤنٹ کے گم ہونے، چوری ہونے، غیر محفوظ ہونے یا کسی دوسرے شخص کے استعمال میں آنے کی صورت میں غیر مجاز رسائی؛
  c) سونیری بینک لمیٹڈ کا روپ دھارنے والے افراد کی جانب سے دھوکا دہی، فشنگ یا سوشل انجینئرنگ کی کوششیں؛ اور
  d) رجسٹرڈ موبائل نمبر کے پرانا ہونے یا کسی دوسرے شخص کو دوبارہ جاری کیے جانے کی صورت میں پیغامات کا غلط وصول کنندہ تک پہنچنا۔
- ان خطرات کو کم کرنے کے لیے صارف کو واٹس ایپ پر دو مرحلوں پر مشتمل تصدیق (ٹو اسٹیپ ویریفکیشن) فعال رکھنی چاہیے، اپنی ڈیوائس کو لاک رکھنا چاہیے، SNBL کے پاس اپنا رجسٹرڈ موبائل نمبر اپ ڈیٹ رکھنا چاہیے اور صرف SNBL کے آفیشل تصدیق شدہ واٹس ایپ اکاؤنٹ کے ذریعے رابطہ کرنا چاہیے۔
- کسی بھی مشکوک پیغام، کال یا سرگرمی، یا اس چینل کے غیر مجاز استعمال کے شبہ کی صورت میں فوری طور پر SNBL کو 021-111-766-374 پر اطلاع دیں۔ تحقیقات مکمل ہونے تک SNBL متاثرہ صارف کے لیے سروس معطل کر سکتا ہے۔

7۔ سیکیورٹی

- ہم اعلیٰ معیار کی سیکیورٹی برقرار رکھتے ہیں۔ آپ اس بات سے اتفاق کرتے اور ضمانت دیتے ہیں کہ اپنی موبائل ڈیوائس کو محفوظ طریقے سے استعمال کریں گے اور ہمارے نیٹ ورک سے منسلک اپنے فون کو کسی کے ساتھ شیئر نہیں کریں گے، نہ ہی کسی دوسرے شخص کو اپنے فون/ ڈیوائس تک رسائی دیں گے، اور نہ ہی ایسا کوئی قدم اٹھائیں گے جس سے آپ کے کنکشن کی سیکیورٹی خطرے میں پڑ سکتی ہو۔ آپ کی جانب سے اپنی موبائل ڈیوائس کے کسی نقصان یا گمشدگی کی اطلاع سونیری بینک لمیٹڈ کو دینے تک، مذکورہ بالا کسی بھی اقدام کی خلاف ورزی کے نتیجے میں ہونے والے کسی بھی نقصان یا خسارے کے لیے سونیری بینک لمیٹڈ ذمہ دار نہیں ہوگا۔

8۔ تھرڈ پارٹی سروسز

- ہم کسی تھرڈ پارٹی سروسز کی توثیق نہیں کرتے۔ سروس کے ذریعے آپ جن ویب سائٹس اور ایپلی کیشنز (بشمول واٹس ایپ) تک رسائی حاصل کرتے ہیں، وہ آپ کے اپنے رسک پر استعمال کی جاتی ہیں، اور تھرڈ پارٹی سروسز کیلئے ہماری کوئی ذمہ داری نہیں ہے۔ اگر تھرڈ پارٹی ویب سائٹس یا ایپلی کیشنز (بشمول واٹس ایپ) سے کسی قسم کا مسئلہ یا نقصان ہوتا ہے، تو اس کے ازالے کے لیے آپ کو براہِ راست ان سروسز کے تھرڈ پارٹی فراہم کنندہ سے رجوع کرنا چاہیے۔ ان معاملات میں ہماری کوئی ذمہ داری نہیں ہے اور ہم اس حوالے سے آپ کی معاونت نہیں کر سکتے۔ آپ کسی بھی نیٹ ورک/ موبائل فون نمبر سے تھرڈ پارٹی کی جن تھرڈ پارٹی ویب سائٹس یا ایپلی کیشنز (بشمول واٹس ایپ) تک رسائی حاصل کرتے ہیں ان کی اپنی شرائط وضوابط ہوتی ہیں۔ ان شرائط وضوابط کو پڑھنا اور ان کی پابندی کرنا آپ کی ذمہ داری ہے۔

9۔ عمومی شرائط

- واٹس ایپ بینکنگ کی شرائط وضوابط کے تحت، بینک عمومی طور پر یہ تصور کرتا ہے کہ آپ کے رجسٹرڈ موبائل نمبر کے ذریعے واٹس ایپ پر موصول ہونے والی ہر درخواست آپ ہی کی جانب سے کی گئی ہے، اور اپنی ڈیوائس کی سیکیورٹی کی مکمل ذمہ داری آپ پر عائد ہوتی ہے۔
- یہ شرائط سونیری بینک لمیٹڈ واٹس ایپ سیلف سروس بینکنگ چینل کے ذریعے/ اس کے توسط سے سونیری بینک لمیٹڈ کی کسی بھی یا تمام سروسز کے استعمال پر عمومی طور پر لاگو ہوں گی، اور بینک اکاؤنٹس سے متعلق شرائط وضوابط کے ساتھ ساتھ سونیری بینک لمیٹڈ کی دیگر پروڈکٹس اور سروسز (جو بھی صورت ہو) سے متعلق شرائط وضوابط کے تابع بھی ہو سکتی ہیں۔
- سونیری بینک لمیٹڈ سروس کے سلسلے میں ملحقہ اداروں، سپلائرز، شراکت داروں اور دیگر تھرڈ پارٹی اداروں کو شامل کر سکتا ہے یا ان کے ساتھ تعاون کر سکتا ہے، اور جہاں لاگو ہو، ''سونیری بینک لمیٹڈ'' یا ''ہم'' سے مراد ایسے تھرڈ پارٹی ادارے بھی ہوں گے۔
- سروس استعمال کر کے آپ ان شرائط کے استعمال سے اتفاق کرتے ہیں۔

10۔ سروس

- سونیری بینک لمیٹڈ کی سروس میں انفرادی کسٹمرز کے ذاتی استعمال کے لیے انٹرنیٹ کے ذریعے فراہم کی جانے والی ڈیجیٹل پروڈکٹس اور/ یا سروسز شامل ہیں۔ ایسی سروسز ہماری ویب سائٹس (''ویب سائٹ'') پر دستیاب ہیں اور بعض سروسز کی رسائی آپ کو آپ کی ڈیوائس (ڈیوائسز) پر انسٹال کرنے کے بعد حاصل ہوتی ہے۔

11۔ کسٹمر کا مواد اور جمع کرائی گئی معلومات

- سونیری بینک لمیٹڈ کی سروسز اور/ یا واٹس ایپ سیلف سروس بینکنگ چینل آپ کو معلومات، ڈیٹا، متن، سافٹ ویئر، موسیقی، آواز، تصاویر، گرافکس، ویڈیوز، اشتہارات، پیغامات یا دیگر مواد (''صارف کا مواد'') جمع کرانے، پوسٹ کرنے یا ظاہر کرنے کی اجازت دے سکتے ہیں۔ ایسے مواد کی مکمل ذمہ داری صرف آپ پر عائد ہوتی ہے۔ سونیری بینک لمیٹڈ اپنی صوابدید پر کسٹمر کے کسی بھی ایسے مواد کا جائزہ لے سکتا ہے اور اسے ہٹا سکتا ہے جس سے شرائط، قابلِ اطلاق قوانین، یا دائرۂ اختیار میں عمومی طور پر تسلیم شدہ طریقوں یا رہنما اصولوں کی خلاف ورزی ہو۔
- شرائط کے تحت ممنوعہ صارف کے مواد میں، بغیر کسی حد کے، ایسا مواد شامل ہے جو: توہین آمیز ہو، جیسے کسٹمر کا ایسا مواد جس میں کسی بھی گروہ یا فرد کے خلاف نسل پرستی، تعصب، امتیازی سلوک، نفرت، ہراسانی یا کسی بھی نوعیت کے جسمانی نقصان کو اختیار کرنے، اس کی حمایت کرنے یا اسے فروغ دینے کا عمل شامل ہو؛
  a) ''جنک میل''، ''چین لیٹرز'' یا غیر مطلوبہ اجتماعی میلنگ، ''اسپیمنگ'' یا ''فشنگ'' کی ترسیل پر مشتمل ہو؛
  b) غلط یا گمراہ کن معلومات یا غیر قانونی سرگرمیوں یا ایسے طرزِ عمل کی تشہیر یا تائید کرتا ہو جو بدسلوکی پر مبنی، دھمکی آمیز، فحش، جنک آمیز یا قابلِ اعتراض ہو؛
  c) کسی دوسرے شخص کے کاپی رائٹ شدہ کام کی غیر قانونی یا غیر مجاز نقل کی تشہیر یا تائید کرتا ہو؛
  d) محدود رسائی والے یا صرف پاس ورڈ کے ذریعے قابلِ رسائی صفحات، یا پوشیدہ صفحات یا تصاویر پر مشتمل ہو؛
  e) فحش، جنسی نوعیت کا یا کوئی بھی دیگر غیر مہذبانہ یا اس سے منسلک مواد؛
  f) دیگر استعمال کنندگان سے پاس ورڈ یا ذاتی معلومات طلب کرتا ہو؛ یا
  g) دیگر استعمال کنندگان یا سروس کے حقوق کی خلاف ورزی، انہیں نقصان پہنچانے یا ان کی سیفٹی کے لیے خطرے کا باعث ہو۔

12۔ تصدیق اور مفروضہ

- بینک آپ کے رجسٹرڈ موبائل نمبر اور واٹس ایپ اکاؤنٹ کے ذریعے بھیجی جانے والی ہدایات صرف آپ ہی کی جانب سے بھیجی گئی تصور کرتا ہے۔

13۔ کسٹمر کی ذمہ داری

- آپ کے لیے لازم ہے کہ اپنے موبائل فون محفوظ رکھیں، اپنی ڈیوائس لاک رکھیں اور اپنے واٹس PIN یا CNIC کی تفصیلات محفوظ رکھیں۔

14۔ ضمانتیں اور دستبرداری

- سونیری بینک لمیٹڈ ضمانت دیتا ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریاں انڈسٹری کے مروجہ معیار کے مطابق پیشہ ورانہ انداز میں انجام دے گا اور مطلوبہ سروس کو فعال رکھنے کی معقول کوششیں کرے گا۔
- سروس ''جیسی ہے'' کی بنیاد پر فراہم کی جاتی ہے۔ آپ تسلیم کرتے ہیں کہ سروس غلطیوں سے مبرا نہیں ہے۔ سونیری بینک لمیٹڈ واٹس ایپ سیلف سروس بینکنگ چینل کی دستیابی، قابلِ فروختگی، کسی مخصوص مقصد کے لیے موزونیت، عدم خلاف ورزی، درستگی، تکمیل، کارکردگی اور سروس کے معیار کے حوالے سے کسی بھی صریح یا مضمر ضمانت کا پابند نہیں ہے۔

15۔ ذمہ داری

- سونیری بینک لمیٹڈ (بشمول، لیکن اس تک محدود نہیں، اس کے شیئر ہولڈرز، ایگزیکٹیوز، افسران، ملحقہ کمپنیاں، شراکت داراور ان کے کنٹریکٹرز، افسران، ڈائریکٹرز اور ملازمین) کسی بھی قسم کے نقصان کے لیے ذمہ دار نہیں ہوگا، خواہ وہ قانون، معاہدے، ضمانت، تلافی، ضابطۂ ضرر یا کسی اور بنیاد کے تحت پیدا ہوا ہو، بشمول، بغیر کسی حد کے، اتفاقی اور نتیجہ کے طور پر ہونے والا نقصان، منافع یا کاروباری مواقع کا نقصان، یا ڈیٹا کے ضائع ہونے یا سروس تک رسائی ختم ہونے یا کسی اور وجہ سے ہونے والے نقصانات۔
- گم شدہ ڈیوائسز، غیر مجاز رسائی یا تھرڈ پارٹی پلیٹ فارم کی خرابیوں کے باعث ہونے والے نقصانات کی ذمہ داری سونیری بینک لمیٹڈ پر عائد نہیں ہوگی۔

16۔ ابلاغ

- رجسٹریشن کر کے، آپ واٹس ایپ پر اکاؤنٹ سے متعلق اطلاعات، اسٹیٹمنٹس اور تشہیری پیغامات وصول کرنے کی واضح رضامندی دیتے ہیں۔

17۔ تلافی

- آپ شرائط یا قابلِ اطلاق قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے سروسز کے غلط استعمال کے نتیجے میں پیدا ہونے والے تمام دعووں، ذمہ داریوں اور اخراجات (بشمول وکیل کی فیس) کے حوالے سے سونیری بینک لمیٹڈ (بشمول، لیکن اس تک محدود نہیں، اس کے شیئر ہولڈرز، ایگزیکٹیوز، افسران، ملحقہ کمپنیاں، شراکت داراور ان کے کنٹریکٹرز، افسران، ڈائریکٹرز اور ملازمین) کی زرتلافی، دفاع اور ہر قسم کے نقصان اور ذمہ داری سے محفوظ رکھنے پر اتفاق کرتے ہیں۔
- سونیری بینک لمیٹڈ کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی ایسے معاملے کے خصوصی دفاع اور کنٹرول کی ذمہ داری اپنے ہاتھ میں لے، جو بصورتِ دیگر آپ کی جانب سے زرتلافی کے زمرے میں آتا ہو۔ آپ کوئی بھی دستیاب دفاع اختیار کرنے کے سلسلے میں سونیری بینک لمیٹڈ کے ساتھ نیک نیتی سے مکمل تعاون کریں گے۔

18۔ ناگہانی صورتحال

- ناگہانی صورتحال سے مراد ایسے حالات ہیں جو کسی بھی فریق کے معقول اختیار سے باہر ہوں، جن میں بغیر کسی حد کے، آگ، دھماکہ، ہڑتال یا مزدوروں کے دیگر تنازعات، فسادات یا دیگر شہری بدامنی، کسی بھی حکومتی اتھارٹی کے قانون، حکم، ضابطے، سفارش یا درخواست کی رضا کارانہ یا غیر رضا کارانہ پابندی، اور نیٹ ورکس، بجلی کی فراہمی، گیٹ وے یا مواصلات میں اسی نوعیت کی خرابیوں کے باعث پیدا ہونے والی غلطیاں یا سروس کی عدم دستیابی شامل ہیں۔ ناگہانی صورتحال پر مبنی واقعات کے نتیجے میں یا ان سے متعلق اپنی کسی بھی معاہداتی ذمہ داری کو پورا نہ کرنے پر، کسی بھی فریق پر کسی قسم کی ذمہ داری عائد نہیں ہوگی، سوائے اس رقم کی ادائیگی کے جو واجب الادا ہو۔

19۔ خاتمہ

- سونیری بینک لمیٹڈ واٹس ایپس سیلف سروس بینکنگ چینل کو واٹس ایپ پر اپنے ذاتی اکاؤنٹ کی سیٹنگز کے ذریعے کسی بھی وقت غیر فعال کیا جا سکتا ہے۔
- شرائط یا قابلِ اطلاق قوانین کی خلاف ورزی کرنے کی صورت میں سونیری بینک لمیٹڈ آپ کو سروس کی فراہمی بند کر سکتا ہے یا آپ کی سروس پر پابندیاں عائد کر سکتا ہے۔ ایسی صورت میں، سروس استعمال کرنے اور اس کے مواد تک رسائی کا آپ کا حق، کسی بھی صورت میں، بغیر کسی پیشگی اطلاع کے فوراً ختم ہو جائے گا، اور کوئی بھی فیس کی واپسی نہیں کی جائے گی۔

20۔ تبدیلیاں

- بینک اپنے کسٹمرز کو کسی بھی نئی شرط کے نفاذ یا موجودہ شرائط میں تبدیلی کے بارے میں، تبدیلی کے مؤثر ہونے سے کم از کم 30 دن پہلے تحریری اطلاع درج ذیل میں سے کسی بھی طریقے سے فراہم کرے گا:
  a) براہِ راست رابطہ کر کے
  b) تمام برانچز میں اطلاع آویزاں کر کے
  c) میڈیا میں نوٹس دے کر (بشمول عوامی اعلانات)
  d) بینک کی ویب سائٹ پر اطلاع دے کر؛ یا کسٹمر کے زیرِ استعمال کسی بھی الیکٹرانک بینکنگ چینل کے ذریعے
- ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ ویب سائٹ باقاعدگی سے چیک کرتے رہیں۔ اگر آپ کو ان ترامیم سے اتفاق نہ ہو تو آپ کو سروس کا استعمال بند کر دینا چاہیے۔

21۔ جزوی عدم نفاذ

- اگر شرائط کی کسی بھی شق کو عدالت یا کسی دیگر پابند کرنے والی اتھارٹی کی جانب سے غیر مؤثر یا ناقابلِ نفاذ قرار دیا جاتا ہے، تو باقی ماندہ شرائط (یا ان کے جُز)، ضوابط اور شقیں قانون کے تحت ممکنہ حد تک مکمل طور پر مؤثر اور قابلِ نفاذ رہیں گی۔

22۔ زبانیں

- ان شرائط کا انگریزی سے کسی دوسری زبان میں ترجمہ صرف آپ کی سہولت کے لیے کیا گیا ہے۔ مختلف تراجم میں کسی بھی قسم کے اختلاف کی صورت میں، انگریزی ورژن درست تصور کیا جائے گا۔

23۔ قابل اطلاق قانون اور تنازعات کا حل

- واٹس ایپ سروسز کے یہ شرائط وضوابط پاکستان کے قوانین کے تابع ہوں گے۔ واٹس ایپ سہولت سے پیدا ہونے والے یا اس سے متعلق کسی بھی تنازع یا اختلاف پر کراچی کی عدالتوں کا خصوصی دائرۂ اختیار ہوگا۔ پاکستان کے علاوہ کسی دوسرے ملک کے قوانین کی عدم تعمیل کے لیے بینک براہِ راست یا بالواسطہ کسی بھی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ کسٹمر کو پاکستان کے علاوہ کسی دوسرے ملک میں واٹس ایپ سہولت تک رسائی حاصل ہونے سے، یہ مراد نہیں لی جائے گی کہ مذکورہ ملک کے قوانین ان شرائط وضوابط اور/ یا کسٹمر کو فراہم کردہ اکاؤنٹ (اکاؤنٹس)/ سروسز/ پیشکشوں میں ہونے والی کارروائیوں اور/ یا واٹس ایپ سہولت کے استعمال پر لاگو ہوں گے۔

24۔ دستبرداری

- بینک اپنی صوابدید پر، اپنی فراہم کردہ مصنوعات/ سروسز کے حوالے سے، بیرونی سروس فراہم کنندگان یا ایجنٹس کی خدمات ضروری یا مطلوبہ شرائط وضوابط پر حاصل کر سکتا ہے۔
- واٹس ایپ یا کوئی بھی دوسرا سروس فراہم کنندہ، جس کے ذریعے ہم واٹس ایپ سہولت فراہم کر رہے ہیں، واٹس ایپ پلیٹ فارم یا دیگر سروس فراہم کنندگان کے ذریعے شیئر یا مواصلت کیے جانے والے مواد (بشمول متن، تصاویر، ویڈیوز یا دیگر مواد) کا جائزہ لے سکتا ہے، اس کی نگرانی کر سکتا ہے، اسے محفوظ کر سکتا ہے اور اسے تھرڈ پارٹیز کے ساتھ شیئر یا افشا کر سکتا ہے۔
- واٹس ایپ پلیٹ فارم کے ذریعے ان سروسز سے استفادہ کرتے ہوئے کسٹمر اور کسی سیلر/ سروس فراہم کنندہ، کسی تھرڈ پارٹی سروس فراہم کنندہ یا واٹس ایپ کے درمیان کسی بھی تنازع میں بینک فریق نہیں ہوگا (خواہ ایسا سروس فراہم کنندہ بینک نے اس مقصد کے لیے مقرر کیا ہو یا نہ کیا ہو) اور نہ ہی کسی بھی طرح کسٹمر کے لیے ذمہ دار ہوگا۔ کسٹمر واٹس ایپ پلیٹ فارم کے استعمال سے متعلق کسی بھی دعوے یا تنازع کو براہِ راست واٹس ایپ کے ساتھ اٹھانے پر اتفاق کرتا ہے۔
- یہ سروس ''جیسی ہے، جہاں ہے'' کی بنیاد پر فراہم کی جاتی ہے۔ آپ تسلیم کرتے ہیں کہ سروس غلطیوں سے پاک نہیں ہے۔ سونیری بینک لمیٹڈ اپنے واٹس ایپ سیلف سروس بینکنگ چینل یا دیگر صورتوں میں سروس کی دستیابی، قابلِ فروخت ہونے، کسی مخصوص مقصد کے لیے موزونیت، حقوق کی عدم خلاف ورزی، درستگی، تکمیل، کارکردگی اور معیارِ خدمات کے حوالے سے کسی بھی قسم کی صریح یا ضمنی ضمانت نہیں دیتا۔